سوال

(102) نمازِ جمعہ کی سنتیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لیوٹن سے مقبول کاظمی پوچھتے ہیں نماز جمعہ کے بعد سنتیں کون سی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز جمعہ کی رکعات کے بارے میں ''صراط مستقیم'' کے گزشتہ شمارے میں کچھ تفصیل شائع ہو چکی ہے۔ مختصر یہ جمعہ کی نماز ظہر ہی کی نماز ہے صرف فرض نماز دو رکعت کم کر کے ان کی جگہ خطبہ دیا جاتا ہے۔ نماز جمعہ کے بعد سنتوں کے بارے میں جو احادیث آئی ہیں ان میں درج ذیل قابل ذکر ہیں:

''حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسولا اللہ ﷺ نے فرمایا تم جب جمعہ پڑھو تو بعد میں چار رکعات پڑھ لیا کرو۔'' (ابوداوٗد' ترمذی)

''حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ جمعہ کے بعد دو رکعت اپنے گھر میں پڑھا کرتے تھے۔'' (بخاری و مسلم)

بعض صحابہؓ سے جمعہ کے بعد ٦ رکعات کی روایات بھی مروی ہیں۔

اس سلسلے میں کوئی چیز لازم نہیں ہے یعنی دو رکعت' چار رکعت یا چھ رکعت نماز پڑھ سکتا ہے جس طرح آسانی یا سہولت میسر ہو لیکن سب رکعات سنت ہیں۔ چار رکعات پڑھنے کا طریقہ ایک ساتھ بھی جائز ہے لیکن اگر دو دو رکعت کر کے پڑھی جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص236